V–16–A

Roll No.........................................

Total No. of Questions : 13]

[Total No. of Printed ges : 15

# XIAPBAJKL23
# 10116–A
# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

## حصہ "الف"

۱۔ درج ذیل عبارت میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۲×۵=۱۰

(الف) لارڈ کرزن جب قلعے کے اوپر بالا حصار پر گئے تو وہاں ستانے کے لئے کرسی پر بیٹھ گئے اور جیب سے سگرٹ دان



https://www.jkboseonline.com

نکال کر سلگایا ہی تھا کہ یہ فوجی سلامی کر کے آگے بڑھے اور کہا یہاں سگرٹ پینے کی اجازت نہیں ہے۔ لارڈ کرزن نے جلتا ہوا سگرٹ نیچے پھینک دیا ور جوتے سے رگڑ ڈالا۔ یہ حرکت دیکھ کر نواب بشیر نواز جنگ بہادر اور دوسرے عہدہ داراں کا رنگ فق ہو گیا۔ لہو کے گھونٹ پی کر چپ رہ گئے بعد میں بہت لے دے ہوئی مگر اب کیا ہو سکتا تھا۔ خان صاحب نے قاعدہ کی پوری پابندی کی تھی۔

سوالات :

(i) جیب سے سگرٹ دان کس نے نکالا ؟

(ii) کس فوجی نے سلامی دی اور سگرٹ پینے سے منع کیا ؟


https://www.jkboseonline.com

(iii) لارڈ کرزن نے جلتے ہوئے سگرٹ کو کیا کیا ؟

(iv) کن عہدہ داراں کا رنگ فق ہوگیا ؟

(v) خان صاحب نے کون سا فرض ادا کیا ؟

(ب) میں چاہتا ہوں کہ میرے مرنے کے بعد کوئی مذہبی رسم ادا نہ کی جائے۔ میں ایسی باتوں کو نہیں مانتا اور محض رسم سمجھ کر انہیں اپنے آپ کو اور دوسروں کو دھوکا دینے کے برابر سمجھتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ مرنے کے بعد میری لاش کو جلا دیا جائے۔ اگر میں کسی دوسرے ملک میں مروں تو میری لاش کو وہیں جلا دیا جائے اور اس میں مٹھی بھر حصہ گنگا میں بہا دیا جائے اور اس کے بڑے حصے کو کیا کیا جائے یہ میں آگے بتا



https://www.jkboseonline.com

رہا ہوں۔ اس کا کوئی حصہ بھی کسی حالت میں بچا کر نہ رکھا جائے۔

سوالات:

(i) پنڈت جی مرنے کے بعد کن رسموں کو نہیں نبانا چاہتے ہیں؟

(ii) پنڈت جی مذہبی رسموں کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

(iii) پنڈت جی کی موت اگر غیر ملک میں ہو جائے تو اس کی لاش کو کیا کرنا ہے؟

(iv) مٹھی بھر راکھ کو پنڈت جی کہاں بہانا چاہتے ہیں؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟



https://www.jkboseonline.com

۲۔ سبق ''حاتم کی سخاوت'' یا ''ایک یادگار وصیت'' کا خلاصہ لکھئے۔ ۶

۳۔ دیئے گئے سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے : ۲×۲= ۴

(i) ٹرانسر لین کا نام کن کو دیا جاتا ہے؟

(ii) پہلی بڑھیا کو گھر سے کیوں نکالا گیا ؟

(iii) حاتم کون تھا اور نوفل کو حاتم کے ساتھ کیوں دشمنی تھی ؟

(iv) ''نیک آدمی'' نے جس کتاب میں دولت کا حِساب رکھا تھا ؟
اس کتاب کا نام کیا رکھا تھا ؟ مرنے سے پہلے اُس نے اس
کتاب کو کس کے سُپرد کیا ؟

۴۔ ''میر امن دہلوی'' کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۵

(یا)

''انشائیہ'' پر ایک نوٹ لکھئے۔



https://www.jkboseonline.com

## حصہ "ب"

۵۔ صرف دو اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے :

(i) آرسی دیکھ کر نہ ہو مغرور

خود نمائی نہ کر خدا سوں ڈر

(ii) شمع کی مانند ہم اس بزم میں

چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

(iii) تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیاں ہوں

(iv) تو خوب جانتا ہے او جان و دل کے مالک

ہر حال میں جگر نے تیری ہی آرزو کی

(یا)

دوشعری اجزا میں سے کسی ایک کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(i) کچھ کام نہ آوے گا تیرے یہ لال و زمرد سیم و زر

جب پونجی بات میں بکھرے گی ہر آن بنے گی جان اوپر

نوبت نقارے بان نشان دولت حشمت فوجیں لشکر

کیا مسند تکیہ ملک مکاں کیا چوکی کرسی تخت چھتر

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

(یا)

(ii) خدا حافظ مسلمانوں کا اکبر

مجھے تو ان کی خوشحالی سے ہے یاس



https://www.jkboseonline.com

یہ عاشق شاید مقصود کے ہیں

یہ جائیں گے، ولیکن سعی کے پاس

۶۔ جگر مرادآبادی کی شاعری کی خوبیاں تحریر کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''فرضی لطیفہ'' کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔ ۴

۸۔ ''مثنوی'' یا ''غزل'' پر نوٹ لکھئے۔ ۴

۹۔ شعری اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف مع مثال لکھئے: ۶

(i) تلمیح۔

(ii) ردیف۔

(iii) بیت الغزل۔

(iv) صفت تجنیس۔



https://www.jkboseonline.com

## حصہ "ج"

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے : ۱۵

(i) بھارت ایک جمہوری نظام

(ii) کھیلوں کی اہمیت

(iii) علم کے فوائد

۱۱۔ اپنے والد صاحب کو گھریلوں حالات پر مشتمل ایک خط لکھئے۔ ۱۰

(یا)

جموں سرنگر قومی شاہراہ لگاتار بارشوں کی وجہ سے بند ہونے کے اثرات کے بارے میں اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

(یا)

''نایاب کتب کی نمائش'' کے سلسلے میں ایک اشتہار تحریر کیجئے۔

حصہ '' د ''

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ ۲/۱ ۷ + ۲/۱ ۷ = ۱۵

(i) فورٹ ولیم کالج سے متعلق اپنی جانکاری تحریر کیجئے۔

(ii) اردو زبان کی ابتداء سے متعلق دو نظریات کی وضاحت کیجئے۔

(iii) ''انجمن پنجاب اردو'' نے اُردو نظم کے فروغ کے لئے کیا کیا خدمات انجام دی ؟

(iv) اسم صفت، حروف عطف، اور حروف ندا کی تعریف و مثال دے کر لکھئے۔



https://www.jkboseonline.com

۱۳۔ معروضی سوالات کے جوابات میں درست جواب چُننے :

(i) سبق ''آخری قدم'' کا مصنف کون ہے؟ ۱

(a) میر امن

(b) ڈاکٹر ذاکر حسین

(c) رشید احمد صدیقی

(d) مولوی عبدالحق

(ii) اطہر پرویز کہاں پیدا ہوائے ؟ ۱

(a) الٰہ آباد

(b) اکبر آباد

(c) مراد آباد

(d) احمد آباد



https://www.jkboseonline.com

(iii) ڈاکٹر سر محمد اقبال کی وفات کب ہوئی ؟ 1

(a) ۱۸۳۷ء

(b) ۱۹۳۸ء

(c) ۱۸۸۸ء

(d) ۱۹۳۷ء

(iv) ''خاکِ ہند'' نظم کس کی تخلیق ہے؟ 1

(a) چکبست

(b) برج نراین چکبست

(c) حالیؔ

(d) مجازؔ



https://www.jkboseonline.com

(v) غزل گوئی کا آغاز کہاں ہوا ؟ 1

(a) دلّی

(b) لکھنؤ

(c) دکن

(d) آگرہ

(vi) اگر ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرایا جائے تو اسے کیا کہتے ہیں ؟ 1

(a) کنایہ

(b) تشبیہ

(c) تلمیح

(d) استعارہ



https://www.jkboseonline.com

ہیں ؟ 1

(a) حرف تاکید

(b) حرف انبساط

(c) حرف ندا

(d) حرف تاسف

(viii) ''سڑک پر'' کس قسم کا مرکب ہے ؟ 1

(a) مرکب جاری

(b) مرکب اضافی

(c) مرکب عطفی

(d) مرکب اشاری



https://www.jkboseonline.com

(ix) وہ کام جو گذرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو؟ اس کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) فعل حال

(b) فعل ماضی

(c) فعل مستقبل

(d) فعل امر

(x) حمید نے روٹی کھائی۔ اس جملے میں روٹی کیا ہے؟ 1

(a) فاعل

(b) مفعول

(c) صفت

(d) فعل

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



https://www.jkboseonline.com